باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member AKNS | ABC Certified

www.dailydharti.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام

جلد 04 | منگل 28 اکتوبر 2025ء، 05 جمادی الاول 1447، 12 کاتک 2081 | صفحات 04 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 175

آزاد کشمیر کے سیاسی بحران میں شدت، وزیر اعظم کا استعفیٰ یا عدم اعتماد؛ فیصلہ آج متوقع

وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کے ذرائع کی جانب سے اسمبلی توڑنے کے فیصلے کی تردید، ساتھی وزراء سے مشاورت کے بعد تحریک عدم اعتماد پیش ہونے سے قبل عہدہ سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ

وزیر اعظم کے عہدہ کیلئے چوہدری محمد یاسین، چوہدری لطیف اکبر کے نام زیر غور، اتفاق نہ ہونے کی صورت قرعہ سابق وزیر اعظم و ممبر اسمبلی الحاج سردار محمد یعقوب خان کے نام کا بھی نکلنے کا امکان موجود

مظفر آباد (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کی سیاست میں گزشتہ چند دنوں سے جاری سیاسی بحران شدت اختیار کر گیا۔ وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں کشمیر چوہدری انوار الحق کے متعلق سوشل میڈیا پر یہ افواہیں گردش کر رہی ہیں کہ وہ اسمبلی توڑنے یا پھر عہدہ سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں تاہم وزیر اعظم کے ذرائع نے اس بات کی تردید کی کہ وہ اسمبلی توڑنے جیسا فیصلہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے اپنے ساتھی وزراء سے مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ تحریک عدم اعتماد پیش ہونے سے قبل اپنے عہدہ سے استعفیٰ دے دیں گے۔ قبل ازیں پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے سیاسی امور کی چیئرپرسن محترمہ فریال تالپور نے تواتر سے کہا تھا کہ وہ وزیر اعظم کے ذرائع سے اس بات کی تصدیق کر چکی ہیں کہ وزیر اعظم کو اسمبلی توڑنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے اپنے ساتھی وزراء سے مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ تحریک عدم اعتماد پیش ہونے سے قبل عہدہ سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے عہدہ کیلئے چوہدری محمد یاسین، چوہدری لطیف اکبر کے نام زیر غور ہیں۔ اتفاق نہ ہونے کی صورت قرعہ سابق وزیر اعظم و ممبر اسمبلی الحاج سردار محمد یعقوب خان کے نام کا بھی نکلنے کا امکان موجود ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے استعفیٰ کی صورت میں اپوزیشن جماعتیں تحریک عدم اعتماد پیش کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے استعفیٰ کی صورت میں ان کے نام کا بھی نکلنے کا امکان موجود ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے استعفیٰ کی صورت میں اپوزیشن جماعتیں تحریک عدم اعتماد پیش کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہیں۔

27 اکتوبر ایک تلخ اور سیاہ ترین دن ہے، بین الاقوامی وحدتی نمارا

خطے میں پائیدار امن مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پُرامن حل سے ہی ممکن ہے جس کیلئے بھارت پر دباؤ ڈالا جائے

انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں سے جوڑتے ہوئے بین الاقوامی برادری سے بھارت کو جواب دہ ٹھہرانے کا مطالبہ

مظفر آباد (پی آئی ڈی) سینٹر فار انٹرنیشنل اسٹریٹجک اسٹڈیز آزاد جموں و کشمیر (AJK-CISS) کے زیر اہتمام 27 سیاہ کشمیر کے موقع پر "مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پُرامن حل ہی ممکن ہے" کے عنوان سے ایک بین الاقوامی ویبینار منعقد کیا گیا۔ جس کا مقصد بھارت کے غیر قانونی اقدام کی یاد کو زندہ رکھنا تھا۔ اظہار خیال کرتے ہوئے (بقیہ 32 صفحہ 03)

ہر فورم پر کشمیریوں کی حمایت کرینگے، انجینئر امیر مقام

کشمیریوں کی قربانیاں اور شہادتیں رائیگاں نہیں جائیں گی، خطاب

اسلام آباد (پی آئی ڈی) قومی وزیر اور امور برائے جموں و کشمیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی فیصلے کشمیریوں کی قربانیوں کو ضائع نہیں کر سکتے۔ وہ 27 اکتوبر 1947 کے غیر قانونی اقدام کی یاد کو زندہ رکھنے کے لیے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے غیر قانونی اقدامات نے کشمیریوں کو مایوس کیا ہے، لیکن وہ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ بھارت کے غیر قانونی اقدامات کشمیریوں کی جدوجہد کو کمزور نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی قربانیاں اور شہادتیں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رہے گی۔ وہ (بقیہ 33 صفحہ 03)

صدر آزاد کشمیر سے چیف جسٹس سپریم کورٹ کی ملاقات

گزشتہ دنوں منعقد ہونیوالی جوڈیشل کانفرنس کے حوالے سے بریفنگ

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں و کشمیر سردار سلطان محمود چوہدری نے چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر، چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس راجہ سعید اکرم خان کے درمیان ملاقات۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر سردار سلطان محمود چوہدری اور چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ جسٹس راجہ سعید اکرم خان کے درمیان ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ (بقیہ 33 صفحہ 03)

پشاور، نیپال کے زیر اہتمام بھارتی قبضہ کے خلاف یوم سیاہ

پشاور (پی آئی ڈی) نیپال انسٹی ٹیوٹ آف پیس اینڈ ٹیررازم ریسرچ (نیپال) کے زیر اہتمام منعقدہ جموں و کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی اور جارحانہ قبضے کے خلاف یوم سیاہ منایا گیا۔ (بقیہ 35 صفحہ 03)

نیپر اکا حالیہ ریویوں میں کے الیکٹرک کے مبلغی ایریف کا فیصلہ

کے الیکٹرک جو کہ ایک پرائیویٹ ادارہ ہے، ترجمان توانائی ڈویژن

اسلام آباد (صباح نیوز) ایجنڈا نے اپنے حالیہ ریویو میں کے الیکٹرک کے مالی ایریف کا فیصلہ جاری کیا ہے جس پر کہا گیا کہ یہ فیصلہ کراچی کے تمام صارفین کے لیے (بقیہ 37 صفحہ 03)

کیلئے حقائق کو مدنظر رکھ کر کیا گیا ہے اور جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کوئی غیر قانونی کٹوتی نہیں کی گئی۔ ترجمان توانائی ڈویژن نے کہا کہ یہ فیصلہ کراچی کے تمام صارفین کے مفاد میں ہے اور یہ فیصلہ کراچی کے تمام صارفین کے مفاد میں ہے اور یہ فیصلہ کراچی کے تمام صارفین کے مفاد میں ہے

یوم سیاہ کے موقع پر کشمیر سینٹر لاہور کے زیر اہتمام مظاہرہ و دو سیمینار

بھارت نے جن اصولوں کی بنیاد پر حیدرآباد دکن، جونا گڑھ پر قبضہ کیا کشمیر کے معاملے پر خود ہی ان اصولوں کی نفی کر دی

پاک بھارت سے معرکہ حق میں فتح کے بعد عالمی دنیا میں اہمیت کا حامل ہے اور عالمی دنیا میں بڑی اہمیت رکھتا ہے، مقررین

لاہور (دھرتی نیوز) کشمیر سنٹر لاہور، جموں و کشمیر پیپلز سیل کے زیر اہتمام ریاست جموں و کشمیر پر بھارتی فوج کی کے خلاف یوم سیاہ پر مظاہرہ اور سیمینار میں مختلف سیاسی و سماجی جماعتوں کے رہنماؤں، کارکنوں، وکلاء، دانشوروں، ادیبوں، صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کی بڑی تعداد نے حصہ لیا اور بھارتی قونصل (بقیہ 38 صفحہ 03)

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر سے چیف جسٹس سپریم کورٹ کی ملاقات

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضے کے 78 سال مکمل

یوم سیاہ کے موقع پر دنیا بھر میں کشمیریوں کا شدید احتجاج، بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف فضائیں فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھیں، بھارتی تسلط کے خلاف احتجاج ریلی میں ہزاروں افراد کی شرکت

راولاکوٹ میں ریلیاں اور جلسے، ریلی ڈسٹرکٹ کمپلیکس سے شروع ہو کر غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ تک پہنچی، بل سوسائٹی، سرکاری آفیسران و اہلکاران، سیاسی و سماجی جماعتوں سمیت ہزاروں کی شرکت

پاکستان کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر سمیت اہم شخصیات کا بھرپور عزم

مقبوضہ کشمیر میں سرینگر سمیت وادی کے دیگر علاقوں میں سیکورٹی کے سخت انتظامات، جگہ جگہ انضافی فوجی دستے تعینات، اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کروانے کیلئے ہنگامی اقدامات کا مطالبہ

اقوام متحدہ کے مصر دفتر میں یادداشت پیش، ہندوستان طاقت کے زور پر کشمیریوں کو غلام رکھنے میں کامیاب نہیں ہوگا، معمر کریق میں پاکستان کی تاریخی فتح نے کشمیریوں کے لیے نئی امیدیں روشن کی ہیں، مقررین

مظفر آباد (پی آئی ڈی) 27 اکتوبر سیاہ کے موقع پر پی، سماجی حریت کانفرنس کے زیر اہتمام آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت کنوینر پی، سماجی حریت کانفرنس غلام محمد صفی، سمیر (بقیہ 39 صفحہ 03)

واشنگٹن (کے پی آئی) جموں و کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ اور غیر قانونی قبضے کے خلاف یوم سیاہ کے موقع ایک سیمینار میں مقررین نے عالمی برادری پر (بقیہ 40 صفحہ 03)

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) یوم سیاہ کی مناسبت سے راولاکوٹ میں ریلیاں اور پبلک منعقد، کشنر چوہدری ڈویژن چوہدری ظہیر حسین نے ریلی کی قیادت کی راولاکوٹ میں 27 اکتوبر کو یوم سیاہ پر احتجاجی ریلی سے منایا گیا۔ اس موقع پر مشعل (بقیہ 40 صفحہ 03)

مظفر آباد (پی آئی ڈی) 27 اکتوبر یوم سیاہ کے موقع پر مظفر آباد میں مقررین نے کہا کہ 78 سال سے بھارت کشمیریوں کو غلام بنا کر ان کے حقوق کو پامال کر رہا ہے۔ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کی روشنی میں مقررین نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی افواج کی ریاست جموں و کشمیر میں مداخلت کی یاد منائی جا رہی ہے۔ بھارتی مظالم کو (بقیہ 46 صفحہ 03)

راولاکوٹ: کشنر پونچھ ڈویژن چوہدری انظار حسین 27 اکتوبر یوم سیاہ کے موقع پر ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

تنازعہ کشمیر کے حوالے سے تیسرے فریق کی ثالثی ناگزیر ہے، سیمینار

واشنگٹن میں بھارت کی گرتی ہوئی ساکھ نے کشمیر کے مقدمے کی وکالت کے لیے مزید مواقع پیدا کیے ہیں

عالمی برادری جموں و کشمیر پر بھارت کے فوجی قبضے کو ختم کرانے کے لیے اقدامات کرے، مقررین کا سیمینار سے خطاب

واشنگٹن (کے پی آئی) جموں و کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ اور غیر قانونی قبضے کے خلاف یوم سیاہ کے موقع ایک سیمینار میں مقررین نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ جموں و کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضے کو ختم کرانے کے لیے اقدامات کرے۔ رائل کشمیر ایوینیشن فورم نے امریکی شہر سپرنگ فیلڈ، ورجینیا میں سیمینار میں ماہرین قلم، (بقیہ 45 صفحہ 03)

بھارتی مظالم کو تاریخ کے سیاہ باب کے طور پر یاد رکھا جائیگا، مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (صباح نیوز) امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کشمیری تاریخ کا سیاہ دن ہے، 78 سال سے بھارت کشمیریوں کے جائز انسانی حقوق کو پامال کر رہا ہے کشمیری بھائیوں کی بھارتی جارحیت کے مقابلے میں استقامت سے جدوجہد قابل تحسین ہے، بھارتی مظالم کو تاریخ کے سیاہ باب کے طور پر (بقیہ 46 صفحہ 03)

کشمیری عوام کی حقیقی امنگوں کو دبا نہیں سکتا، شیری رحمان

پاکستان کشمیریوں کیساتھ ان کے حق خود ارادیت کے حصول تک کھڑا رہے گا

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف صدر پیپلز پارٹی بینظیر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بھارت کو یہ جان لینا چاہیے کہ وہ اپنے جارحانہ ہتھکنڈوں سے کشمیری عوام کی حقیقی امنگوں کو دبا نہیں سکتا۔ یوم سیاہ کشمیر پر پیغام میں انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی افواج کی تاریخ کا سیاہ باب ہے (بقیہ 47 صفحہ 03)

وفاقی وزیر تجارت سے یورپی پارلیمنٹ کے وفد کی ملاقات

جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے یورپی پارلیمنٹ کے وفد سے وزارت تجارت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں فریقین نے جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر تجارت (بقیہ 49 صفحہ 03)

کشمیری بھارتی تسلط کو کبھی تسلیم نہیں کرینگے، لطیف اکبر

بھارت قابض اور پاکستان محافظ ملک ہے، اسٹینڈ کا قانون ساز اسمبلی

اسلام آباد (پی آئی ڈی) اسٹینڈ کا قانون ساز اسمبلی میٹر پارلیمنٹیرین چوہدری لطیف اکبر نے کہا ہے کہ کشمیریوں کو مزید مظالم برداشت نہیں کرنا چاہیے کشمیری اب کبھی بھی بھارتی تسلط کو تسلیم نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ کشمیری عوام کی حقیقی امنگوں کو دبایا نہیں جا سکتا۔ مقابلہ کرنے والے کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو کبھی ختم نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی افواج کی ریاست جموں و کشمیر میں مداخلت کا سیاہ دن ہے۔ (بقیہ 48 صفحہ 03)

کشمیر پر بھارتی قبضہ تاریخ کا سیاہ باب ہے، مریم نواز

مقبوضہ کشمیر میں آزادی کی روشن صبح طلوع ہوگی، یوم سیاہ پر پیغام

لاہور (صباح نیوز) مریم نواز نے کہا ہے کہ کشمیر ہمارا شہ رگ ہے، کشمیر ہمارا ہے، کشمیر ہمارا رہے گا۔ مقبوضہ کشمیر میں آزادی کی روشن صبح طلوع ہوگی، مقبوضہ جموں و کشمیر بھارت کے ناجائز قبضے کے خلاف یوم سیاہ پر خصوصی پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ 27 (بقیہ 50 صفحہ 03)

راولاکوٹ لوکل ایکٹا، پی جی سی کے انتخابات دو پینلز کے مابین کامیاب

آئندہ سال کیلئے پروفیسر ظفیل حسین صدر، پروفیسر احتشام احمد ظہور جنرل سیکرٹری اور مس شفین اختر سیکرٹری مالیات منتخب ہوگئیں

مختلف رسائل کا کامیابی پر مبارکباد، کالج اساتذہ کے مسائل کے حل کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لائیں گے، نومنتخب عہدیداران

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) لوکل ایکٹا پاکستان راولاکوٹ کے انتخابات برائے سال 26-2025 مکمل، تمام امیدواران بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ پروفیسر ظفیل، پروفیسر احتشام احمد اور مس شفین کے مدمقابل کسی امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہ کروائے جس پر تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ پروفیسر شہید گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ کے پرنسپل پروفیسر محمد یعقوب کی سربراہی میں الیکشن کمیٹی کے ممبران پروفیسر ظفیل حسین، پروفیسر احتشام احمد ظہور، پروفیسر محمد اسحاق، پروفیسر محمد ذاہد اور پروفیسر محمد شبیر نے الیکشن کمیٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آئندہ سال کے لیے (بقیہ 51 صفحہ 03)

پاکستان کا فضائی حدود آج (منگل) اور کل (بدھ) کو بند رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے اپنی فضائی حدود دو روز بند کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ پاکستان ایئر پورٹ اتھارٹی نے تمام ایئر لائنز کو ہوا باز انٹی کمیشن کو فلم جاری کرنے کا پروٹوکول کے مطابق (آج) 28 اور (کل) 29 اکتوبر فضائی حدود رات 9 بجے تک بند رہے گی۔ اس دوران کوئی پرواز نہ اڑ سکے گی اور تمام پروازوں کو اپنی پروازیں منسوخ کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہے۔ دوران کے دوران (بقیہ 52 صفحہ 03)

وزیر اعظم کانفرنس میں شرکت کیلئے سعودی عرب روانہ

نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور گنڈاپور بھی ہمراہ

اسلام آباد (صباح نیوز) سعودی ولی عہد وزیر اعظم محمد بن سلمان کی خصوصی دعوت پر وزیر اعظم شہباز شریف نے پیر کو ایک روزہ دورہ کیا جہاں انہوں نے انٹرنیشنل اسلامی ایوی کی کانفرنس میں شرکت کے لیے پاکستانی وفد کے ہمراہ ریاض روانہ ہوگئے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب (بقیہ 53 صفحہ 03)

پاک، بنگلہ دیش کے سیاسی و عسکری حکام کی خصوصی ملاقات

ملاقاتی، عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

راولپنڈی (صباح نیوز) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا نے بنگلہ دیش کا دورہ کیا جہاں چیئرمین جوائنٹ چیفس سٹاف کمیٹی کا بنگلہ دیش کے سربراہ ایڈمرل محمد طحٰہٰ ثاقب سے ملاقاتیں کی جس میں دوطرفہ تعاون بڑھانے

ضرورت برائے مکہ مکرمہ شریف سعودی عرب

مکہ ٹیکسی کو درج ذیل افراد کی فوری ضرورت ہے

بنیادی تنخواہ 1000 سعودی ریال + کمیشن

انگریزی بول چال لازمی ہے

ٹیکسی ڈرائیور

نوٹ: سعودی لائسنس کے اخراجات ویزہ فیس میں شامل ہیں

پاکستانی لائسنس ہولڈر کیلئے عمر کی حد 22 سے 45 سال

GCC سعودی لائسنس کیلئے عمر کی حد 22 سے 50 سال

یونیفارم، میڈیکل، بذمہ کمپنی، معاہدہ مدت 2 سال، دیگر مراعات لیبر لاء کے مطابق

پاکستانی ویلیڈ لائسنس ہولڈر، GCC سعودی، یو اے ای، قطر، بحرین، عمان، کویت ویلیڈ ایکسپائر لائسنس ہولڈر

COMMISSION AS PER PROPOSED STRUCTURE

DAILY TRIP		DAILY COLLECTION		MONTHLY COLLECTION		BASIC SALARY SAR	ACCOMMODATION ALLOWANCE SAR	COMMISSION FOR MAXIMUM			INCENTIVE	TOTAL INCOME MINIMUM	TOTAL INCOME MAXIMUM
LOWEST	HIGHEST	LOWEST	HIGHEST	LOWEST	HIGHEST			%	MINIMUM AMOUNT(SAR)	MAXIMUM AMOUNT(SAR)			
0	8	0	200	0	6000	800	200	0%	0	0	0	0	1000
9	10	201	250	6001	7500	800	200	6%	360	450	0	1360	1450
11	12	251	300	7501	9000	800	200	8%	450	720	0	1450	1720
13	14	301	350	9001	10500	800	200	10%	900	1050	0	1900	2050
15	16	351	400	10501	12000	800	200	13%	1365	1560	0	2365	2560
17	18	401	450	12001	13500	800	200	17%	2040	2295	100	3040	3395
19	20	451	500	13501	15000	800	200	17%	2295	2550	200	3295	3750
21	22	501	550	15001	16500	800	200	18%	2700	2970	400	3700	4370
23	24	551	600	16501	18000	800	200	20%	3300	3600	500	4300	5100
25	26	601	650	18001	19500	800	200	22%	3960	4290	600	4960	5890
27	28	651	700	19501	21000	800	200	22%	4290	4620	700	5290	6320
				21001	ON WARDS	800	200	22%	4620	4620	800	5620	6420

انٹرویو 30 اکتوبر بروز جمعہ — دی فرینڈز اوورسیز سروسز — A-97، دتا گنج بخش روڈ، اے بلاک سٹیلائٹ ٹاؤن، نزد 6th روڈ میٹرو سٹاپ، راولپنڈی — ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے

انٹرویو 31 اکتوبر بروز جمعہ — بھمبر روڈ ایئر پورٹ چوک، گجرات — ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے

انٹرویو 01 نومبر بروز جمعہ — D-30 نواب ٹاؤن نزد الفلاح بینک، کچی کوٹھی سٹاپ، رائیونڈ روڈ، لاہور — ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے

انٹرویو 02 نومبر بروز جمعہ — جہانگیر آباد نزد مختار اے سکھ ہسپتال، خانیوال روڈ، ملتان — ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے

انٹرویو 03 نومبر بروز جمعہ — رنگ روڈ، ہزار خوانی چوک، گھنٹی لال بادشاہ نزد نور CNG پمپ پشاور — ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے

انٹرویو 04 نومبر بروز جمعہ — دی فرینڈز اوورسیز سروسز — A-97، دتا گنج بخش روڈ، اے بلاک سٹیلائٹ ٹاؤن، نزد 6th روڈ میٹرو سٹاپ، راولپنڈی — ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے

PTN:3959551/2025

دی فرینڈز اوورسیز سروسز — چیئرمین سعید عزیز — Lic#MPD 2498/RWP

A-97، دتا گنج بخش روڈ، اے بلاک سٹیلائٹ ٹاؤن، نزد 6th روڈ میٹرو سٹاپ، راولپنڈی

051-4251867, 0332-5323749

0334-5376029, 0307-5004586

E-mail: friendsoverseas_pak@live.com

2ND GENERATION SERVING THE NATION TO EMPOWER PEOPLE

بھارت کی ہٹ دھرمی امن کیلئے خطرہ ہے، اسحاق ڈار

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی و سفارتی حمایت جاری رکھے گا، پیغام

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت کی ہٹ دھرمی خطے میں امن کے لیے خطرہ ہے، پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی و سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ جموں و کشمیر پر بھارتی قبضہ کے 78 سال مکمل ہونے پر اپنے پیغام میں (بقیہ 54 صفحہ 03)

گندم کی ترسیل، پابندیوں کیخلاف مداخلت کی اپیل

وزیر اعظم کی قیادت میں یہ معاملہ جلد حل ہو جائے گا، فیصل کریم کنڈی

پشاور (صباح نیوز) کوریج پاکستان کا فیصل کریم کنڈی نے اپنے چارج کنڈی نے وزیر اعظم شہباز شریف سے گندم کی بین صوبائی ترسیل پر عائد غیر آئینی پابندیوں کے خلاف مداخلت کی درخواست کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر کوریج پاکستان کا فیصل کریم کنڈی نے اپنے چارج کنڈی نے وزیر اعظم شہباز شریف سے گندم کی بین صوبائی ترسیل پر عائد غیر آئینی پابندیوں کے خلاف مداخلت کی درخواست کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب

بقیہ 1

تھوپی سردار عارف راٹھی ایڈووکیٹ، سردار خالد عمر سے بے نوراللہ راٹھی، ظفر اقبال، سید بابر شاہ گیلانی، ملک نصیر احمد راٹھی، ملک محمد کرامت راٹھی، ملک محمد اسلم راٹھی، ملک محمد اسحاق راٹھی، ملک محمد اسلم راٹھی، ملک محمد اسلم راٹھی، ملک محمد اسلم

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
@www.dailydharti.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر عابد صدیق ★ ایڈیٹر عمر خیام

27 اکتوبر۔۔۔یوم سیاہ کشمیر

27 اکتوبر کو دنیا بھر کے کشمیری عوام یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں۔ یہ وہ دن ہے جب 1947ء میں بھارت نے تمام بین الاقوامی اصولوں، انسانی اقدار اور تقسیم ہند کے طے شدہ فارمولے کو پامال کرتے ہوئے ریاست جموں وکشمیر پر ناجائز قبضہ کیا۔ بھارتی فوجوں کی آمد نے نہ صرف کشمیریوں کی آزادی سلب کی بلکہ ایک طویل اور دردناک جدوجہد کا آغاز بھی کیا جو آج تک جاری ہے۔ 27 اکتوبر تاریخ کشمیر کا سیاہ ترین دن ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کس طرح ایک پرامن خطے کو بندوق اور بارود کے زور پر غلامی کی زنجیروں میں جکڑنے کی کوشش کی گئی۔ بھارت نے دنیا کو یہ باور کرانے کی ناکام کوشش کی کہ کشمیری عوام اس قبضے کو قبول کرلیں گے، مگر گزشتہ 78 برسوں نے ثابت کردیا کہ کشمیری کسی بھی صورت اپنی آزادی کے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے۔

اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو حق خودارادیت دینے کا وعدہ آج تک پورا نہیں ہوا۔ اس کے برعکس بھارت نے ظلم وجبر کا ایک ایسا سلسلہ شروع کیا جو وقت کے ساتھ مزید شدت اختیار کرگیا۔ پیلٹ گنز، جعلی مقابلے، جبری گمشدگیاں، اور انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں بھارتی قبضے کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ یوم سیاہ صرف ایک احتجاجی علامت نہیں، بلکہ یہ عہد کی تجدید ہے کہ کشمیری عوام اپنی آزادی کی جدوجہد کو ہر قیمت پر جاری رکھیں گے۔ پاکستان اور دنیا بھر میں بسنے والے کشمیری آج بھی یہ پیغام دے رہے ہیں کہ کشمیر کا فیصلہ بندوق سے نہیں، عوام کی مرضی سے ہوگا۔ اس موقع پر عالمی برادری، انسانی حقوق کے اداروں اور اقوام متحدہ سے یہ مطالبہ کیا جانا چاہیے کہ وہ اپنے وعدوں کو یاد کریں اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق حق خودارادیت دلانے میں عملی کردار ادا کریں۔ بھارت کو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ ظلم کبھی دیرپا نہیں رہتا، اور وہ دن ضرور آئے گا جب کشمیر کے افق پر آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔

یوم سیاہ یوم عزم ہے۔ عزم حریت، عزم استقلال، اور عزم آزادی

اسلحہ سے پاک پنجاب

مہذب اور پرامن معاشروں کی بنیاد انسانی احترام، قانون کی حکمرانی اور شہری تحفظ پر قائم ہوتی ہے۔ جہاں انسانیت کا چراغ روشن رہتا ہے

بلا امتیاز
امتیاز علی شاکر
imtiazali470@gmail.com

وہاں استحکام اور ترقی کی راہیں کھلتی ہیں۔ تاریخ یہ بتاتی ہے کہ کوئی بھی معاشرہ اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتا جب تک اس کی گلیاں خوف سے آزاد، اور اس کے شہری اعتماد کے ساتھ اپنے معمولات زندگی انجام دے رہے ہوں۔ اسلحہ دراصل طاقت کے غلط مظاہرے کا ذریعہ بن کر افراد طبقات کے استحصال کرتا ہے، جبکہ امن وتحفظ کی مضبوط بنیادیں قانون کی بالادستی، شفاف نظام اور انصاف کے نظام کو کمزور کردیتی ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں اسلحہ کا بڑھتا رجحان نہ صرف جرائم کو تقویت دے رہا ہے بلکہ نوجوان نسل کے ذہنوں میں طاقت کا غلط تصور بھی پیدا کررہا ہے۔ ایسے ماحول میں انسانیت دم توڑنے لگتی ہے، برداشت کا مادہ ختم ہوجاتا ہے اور تشدد ہر رشتے اور ادارے کو نگلنے لگتا ہے۔ معاشرہ تبھی مضبوط بنتا ہے جب اس میں امن، انصاف اور برداشت کا ماحول پروان چڑھتا ہے اور ہر شہری خود کو محفوظ محسوس کرتا ہے۔ پنجاب میں شہریوں کی بنیادی پہچان خاندانی رنجشوں کی شکل میں مضبوط ہوچکی ہے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ ان دشمنیوں کو ختم کرنے کا سلسلہ بھیڑ کیلئے ختم ہو۔ ایسے ایسے دیرینہ دشمنیاں معمولی تنازعات کی نذر ہوکر نسل کشی

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

پہلا اختر خان وفقی خان (مرحوم) رسہ کشی ٹورنامنٹ اختتام پذیر

فائنل سدوزئی کلب کوٹیری تراڑکھل، شہدائے بن بیک کلب کے مابین کھیلا گیا جو سدوزئی کلب نے جیت لیا

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ہیڈ کلب جبورہ کے زیر اہتمام پہلا اختر خان وفقی خان مرحوم رسہ کشی ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہو گیا، فائنل میچ سدوزئی کلب کوٹیری تراڑکھل اور شہدائے بن بیک کلب کے مابین کھیلا گیا جو کہ سدوزئی کلب کوٹیری تراڑکھل نے جیت لیا، مہمان خصوصی اور سیکرٹری فائنل شہدائے نگر کلب اور شہدائے بن بیک کلب کے مابین کھیلا گیا، اور ٹرافی کو کہ فائنل میچ کے مہمانان (بقیہ 01 صفحہ 03)

لاہور، اقلیتوں سے کوٹے پر جج تقرری کی درخواست مسترد

عدلیہ میں جج بھرتی کے لیے کوٹہ مقرر کرنا میرٹ پر سمجھوتہ ہوگا، فیصلہ

لاہور (صباح نیوز) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ عالیہ نیم کے اقلیتی کوٹہ سے جج تعینات کرنے کے لیے پانچ فیصد کوٹہ کے درخواست مسترد کر دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیم نے نصیب مسیح کی (بقیہ 02 صفحہ 03)

کراچی، اسکول وین میں آگ بھڑک اٹھی، 6 بچے جھلس کر زخمی

کراچی (صباح نیوز) کراچی کے علاقے جام آباد میں اسکول وین میں آگ لگنے سے 6 بچے جھلس کر زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ سلاء سے 7 بجے کے قریب پیش آیا، آگ لگنے اسکول کے لیے استعمال ہونے والی پانی رولہ (بقیہ 03 صفحہ 03)

کشمیریوں کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہیں گے، شہزا فاطمہ

بھائیوں اور بہنوں کی جرات مندانہ جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) کراچی کی ڈپٹی کمشنر شہزا فاطمہ خوجہ نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، آج بھی عہد کرتے رہیں گے۔ کشمیر بلیک ڈے کے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سفیر قرار دیا ہے، کشمیریوں کی جرات مندانہ جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، آزادی کو سلام پیش کرتا ہے، 27 اکتوبر وہ دن ہے جب بھارت نے غیر قانونی قبضہ جمایا، کشمیر پر قبضہ کیا۔ ہم کشمیر کے ان شہداء کو (بقیہ 05 صفحہ 03)

تربت میں ڈپٹی کمشنر کے اسکواڈ پر بم حملہ اور فائرنگ، 6 اہلکار زخمی

تربت (صباح نیوز) تربت میں ڈپٹی کمشنر کی شیر اعلمہ کے سکواڈ پر بم سے حملہ کیا گیا، بم دھماکے میں ڈپٹی کمشنر شیر احمد بزدیکی خود محفوظ رہے، تاہم ان کے 6 سیکیورٹی اہلکار زخمی ہوئے۔ (بقیہ 04 صفحہ 03)

جمعیت علماء اسلام تحصیل ہاڑی گہل کے تنظیمی انتخابات کا عمل مکمل

متفقہ طور پر مولانا عبدالرازق کو صدر اور قاری حنزیل الرحمان کو جنرل سیکرٹری کرلیا گیا منتخب، بھرپور خدمات کا عزم

پروگرام کے اختتام پر اجتماعی دعا میں ملک وملت کی سلامتی، وحدت امت اور خطہ آزاد کشمیر کی ترقی واستحکام کے لیے دعائیں

بانڈ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جمعیت علماء اسلام تحصیل ہاڑی گہل کی تنظیمی انتخابات مدرسہ امداد الاسلام ہاڑی گہل میں منعقد ہوئے، جس کی صدارت صوبائی عاملہ ویں مولانا عبدالحمید ہزاروی نے کی، اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے ضلعی اور تحصیل کی اسلامی میں جمعیت علماء اسلام کے ضلعی اور تحصیل راہنماؤں جمعیت علماء کرام کی بڑی تعداد نے شرکت

لاہور/کشمیر منڈلا لاہور کے زیر اہتمام یوم سیاہ کے احتجاج میں مظاہرین شریک ہیں

خیبر پختونخوا، غیر قانونی گولڈ مائننگ پر پابندی میں توسیع

اطلاق بالخصوص صوابی، نوشہرہ، کوہاٹ اور ملحقہ علاقوں میں ہوگا، ذرائع

پشاور (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں غیر قانونی گولڈ مائننگ پر پابندی میں 30 روز کیلئے توسیع کر دی گئی۔ محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا کے مطابق غیر قانونی گولڈ مائننگ پر دفعہ 144 کے تحت مزید 30 روز کیلئے پابندی برقرار رہے گی۔ پابندی کا اطلاق بالخصوص صوابی، نوشہرہ، کوہاٹ اور ملحقہ علاقوں میں ہوگا۔ محکمہ داخلہ نے کہا کہ غیر قانونی کان کنی سے دریائے کنڑ میں کوئلہ کا نقصان ہوا ہے، کان (بقیہ 07 صفحہ 03)

سمندری طوفان کیوبا سے امریکا کی جانب بڑھنے لگا

ہیکا، ہیٹی اور ڈومنیکن ریپبلک میں بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ

واشنگٹن (صباح نیوز) سمندری طوفان میلیسا کیوبا سے امریکا کی جانب بڑھنے لگا، امریکی ہریکین سینٹر نے طوفان کو کیٹگری 4 میں داخل ہو چکا ہے اور مطابق یہ طوفان کیٹگری 4 میں داخل ہو چکا ہے اور ہیکا، ہیٹی اور ڈومنیکن ریپبلک میں بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے، امریکی ہریکین سینٹر کے مطابق میلیسا اس وقت ایک خطرناک طوفان ہے، طاقتور سمندری طوفان کی شکل اختیار کر چکا ہے، جس کے نتیجے میں ہیکا، ہیٹی (بقیہ 09 صفحہ 03)

اسرائیلی جیلوں میں پابند سلاسل فلسطینیوں کو شدید مشکلات

قیدی سردی سے بچاؤ کی بنیادی اشیاء سے محروم، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

مقبوضہ بیت المقدس (صباح نیوز) فلسطینی مرکز برائے دفاع اسیران کی ڈائریکٹر لینا الخولی نے انکشاف کیا ہے کہ قابض اسرائیلی انتظامیہ نے مسلسل

میرے الفاظ کو توڑ مروڑ کر پیش کیا جا رہا ہے، سوئم وانگچک

لداخ خطے کے ماحولیاتی کارکن کے کیس کا جائزہ لینے والے بورڈ قائم

جموں (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں لداخ خطے کے ماحولیاتی کارکن سونم وانگچک نے ان کے کیس کا جائزہ لینے والے نئے رکنی سٹیٹوری بورڈ کو

جدوجہد آزادی کو کبھی دبایا نہیں جا سکتا، حریت کانفرنس

جموں وکشمیر کے ایک بڑے حصے پر غیر قانونی طور پر قابض ہے، تشویش

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے مانی برادری زور دیا ہے کہ وہ آگے آئے اور مظلوم کشمیر عوام کو اپنے مادر وطن پر

27 اکتوبر مظفر آباد میں مشعل بردار ریلی بھارت کیخلاف نعرے

اقوام متحدہ 27 اکتوبر کے بھارتی قبضے کو غیر قانونی قرار دے اور حقوق کی تنظیمیں بھارتی جنگی جرائم کا نوٹس لیں

کشمیر کے عوام آزادی تک بھارت کے خلاف مزاحمت جاری رکھیں گے، پاسبان حریت جموں کشمیر کے رہنماؤں کا خطاب

مظفر آباد (دھرتی نیوز) پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام دارالحکومت مظفر آباد میں 27 اکتوبر 1947 کے بزدلانہ بھارتی فوجی قبضے اور جنگی جرائم کی طرف توجہ مبذول کرانے کیلئے شمعیں بردار

عمر ایوب اور شیلی فراز کی نااہلی سے متعلق اپیلیں واپس

عمر ایوب انتخابات میں حصہ نہیں لے رہے، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے عمر ایوب اور شیلی فراز سے متعلق دائر اپیلیں واپس لے لیں۔ سپریم کورٹ میں عمر ایوب اور شیلی فراز کے خلاف دائر نااہلی کی اپیلوں پر سماعت کے دوران بیرسٹر گوہر علی خان نے عدالت کو بتایا کہ عمر ایوب کی جانب سے پیش کی گئی درخواست واپس لی جا رہی ہے، کیونکہ وہ خود انتخابات میں حصہ نہیں لے رہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ (بقیہ 23 صفحہ 03)

افغان طالبان کی ہٹ دھرمی واضح ہوگئی، سکیورٹی ذرائع

پاکستان کے دہشت گردی کے مرکزی مطالبات پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) افغان طالبان کی ہٹ دھرمی اور پاکستان کے ساتھ مذاکرات میں عدم اتفاق کے بعد ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کے دہشت گردی کے مرکزی مطالبات پر کوئی سمجھوتہ نہیں (بقیہ 22 صفحہ 03)

برآمدی آرڈرز، کاروباری سودے خطرے سے دوچار

کراچی میں سست انٹرنیٹ، ناقص موبائل کنکٹیویٹی سے شدید مشکلات

کراچی (صباح نیوز) کراچی کے سب سے بڑے صنعتی علاقے سائٹ کے صنعتکاروں نے انٹرنیٹ کنکٹیویٹی میں مسلسل خلل، کمزور موبائل کنکٹیویٹی اور کمپنیوں کی غیر معیاری سروسز پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سائٹ ایسوسی ایشن کے صدر احمد عظیم ملک کا کہنا ہے کہ گذشتہ کئی روز سے جاری سست انٹرنیٹ اور ناقص موبائل کنکٹیویٹی کے باعث (بقیہ 21 صفحہ 03)

لاہور میں انٹرنیشنل کشمیر فیسٹیول کا آغاز

کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرنا ہمارا فرض ہے، ڈپٹی کمشنر

لاہور (صباح نیوز) کمشنر لاہور ڈویژن ڈاکٹر عاصر جواد نے کہا ہے کہ کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرنا ہمارا فرض ہے،